## سیلاب سے متاثرہ عوام کی ہنگامی بنیادوں پر امداد کی جائے، الطاف حسین

## عوام سیاسی اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر سیلاب جیسی قدرتی آفت سے نمٹنے کیلئے بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کریں

لندن۔۔۔ 9 اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک بھر میں سیلاب سے ہونے والی مزید تباہ کاریوں پر سخت افسوس کا اظہار کیا ہے اور حکومت سے کہا ہے کہ متاثرہ عوام کی ہنگامی بنیادوں پر امداد کی جائے اور مزید علاقوں کو تباہی سے بچانے کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ قیامت خیز سیلاب کی وجہ سے صوبہ خیرپختونخوا، قبائلی علاقوں، گلگت بلتستان، آزاد کشمیر، بلوچستان اور صوبہ پنجاب میں بڑے پیمانے پر تباہی آئی ہے، سینکڑوں افراد جاں بحق اور لاکھوں افراد بے گھر ہوچکے ہیں اور سینکڑوں دیہات تباہ ہوچکے ہیں، لوگوں کا سب کچھ تباہ ہوچکا ہے، سیلاب اب صوبہ سندھ میں تباہی پھیلا رہا ہے اور مزید علاقوں کی جانب بڑھ رہا ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ قیامت خیز سیلاب کی وجہ سے ملک بھر میں قیامت صغریٰ مچی ہوئی ہے اور ہر شہر، قصبہ اور گاؤں میں لوگ امداد کیلئے حکومت و انتظامیہ اور اداروں کو پکار رہے ہیں۔ انہوں نے سیلاب سے ہونیوالے جانی و مالی نقصانات پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ سیلاب سے تباہ حال علاقوں میں متاثرین کو بچایا جائے، امدادی کاموں کو تیز کیا جائے اور اب سیلاب سندھ کے جن علاقوں کی طرف بڑھ رہا ہے انہیں تباہی سے بچانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ سیاسی اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر سیلاب جیسی قدرتی آفت سے نمٹنے کیلئے بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کریں اور متاثرین کی امداد کیلئے اپنی اپنی بساط کے مطابق کوششیں کریں۔

## اے این پی کے سربراہ اسفندریار ولی کی ہمشیرہ محترمہ گل لالئی پر قاتلانہ حملے پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

لندن۔۔۔ 9 اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلح دہشت گردوں کی جانب سے عوامی نیشنل پارٹی کے سربراہ اسفندریار ولی کی ہمشیرہ محترمہ گل لالئی پر قاتلانہ حملہ کرکے زخمی کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ڈاکٹر گل لالئی اور اسفندریار ولی سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا، اپنی جانب سے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور محترمہ گل لالئی کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی۔ انہوں نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک اور خیبر پختونخوا کی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ اسفندریار ولی کی ہمشیرہ محترمہ گل لالئی پر فائرنگ کے واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قانون کے مطابق سزا دی جائے۔

## سیلاب اور بارشوں سے متاثرہ عوام کی امداد کیلئے ایم کیو ایم کے تحت سکھر اور حیدرآباد میں بیس کیمپس قائم کردیئے گئے

حیدرآباد۔۔۔9، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیو ایم کے تحت خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تعاون سے سکھر اور حیدرآباد میں بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ عوام کی بروقت امداد کیلئے بیس کیمپ قائم کردیئے گئے ہیں ریلیف کیمپوں پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست منتخب عوامی نمائندے، اور ایم کیو ایم کے ذمہ داران و کارکنان پر مشتمل ٹیمیں کسی بھی ممکنہ خطرے کے پیش نظر عوام کو ریلیف دینے کیلئے موجود رہیں گی اور اس سلسلے میں بیس کیمپس پر کمپلین سینٹر بھی قائم کردیے گئے ہیں اور ٹیلی فون نمبر بھی فراہم کردیئے گئے ہیں سکھر بیس کیمپ فون 071-5628074 اور حیدرآباد بیس کیمپ فون نمبر 0222662883 پر چوبیس گھنٹے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ملک بھر میں طوفانی بارشوں اور اس کے نتیجے میں دریائے سندھ میں تغیانی سے حفاظتی بندوں کے ٹوٹنے کے باعث سیلابی پانی کے گاؤں دیہاتوں اور شہروں میں داخل ہونے سے پھیلانے والی تباہی، عوام کی جانوں کے تحفظ اور انہیں محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کیلئے ایم کیو ایم کے تحت جناح چوک سکھر زونل آفس اور بھائی خان کی چاڑی حیدرآباد زونل آفس میں بیس کیمپ قائم کردیئے گئے ہیں جہاں سے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست منتخب عوامی نمائندے، ذمہ داران و کارکنان پر مشتمل ریلیف ٹیمیں سندھ کے متاثرہ علاقوں میں پہنچ کر ریلیف کے کاموں میں حصہ لے گی۔ سکھر کے بیس کیمپ پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی، حق پرست صوبائی وزراء شیخ محمد افضل (خالد عمر)، نثار پنہور، اقلیتی رکن عارف مسیح اور ہرگن داس کے علاوہ آئی ایس ٹی سی اور سکھر زونل کمیٹی کے ارکان موجود رہیں گے جہاں سے کشمور، شکارپور، جیکب آباد، قمبر شہدادکوٹ، لاڑکانہ، خیرپور، گھوٹکی اور سکھر کی صورتحال مانیٹر کی جائیگی جبکہ حیدرآباد زونل آفس پر قائم دوسرے بیس کیمپ سے حیدرآباد، نوشہرو فیروز اور ٹھٹھہ کی صورتحال

مانیٹر کی جائے گی اس کیمپ پر رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون، سید شاکر علی، حق پرست منتخب عوامی نمائندے، آئی ایس ٹی سی اور حیدرآباد زونل کمیٹی کے ارکان ہمہ وقت متاثرین کی مدد کیلئے تیار رہیں گے جبکہ مخیّر حضرات اور حق پرست عوام کی جانب سے بیس کیمپوں پر متاثرین کی امداد کیلئے بھاری مقدار میں غذائی اجناس آٹا، چاول، دالیں، گھی، شکر، چائے کی پتی، نمک، مصالہ جات سمیت روزمرہ استعمال اکا دیگر امدادی سامان کے علاوہ ملبوسات اور ادویات جمع کرنے کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون اور سید شاکر علی نے حق پرست صوبائی وزیر دیہی وترقیات، زبیر احمد، حق پرست ارکان قومی اسمبلی، صلاح الدین، طیب حسین، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی عامر معین، حیدآباد زونل کمیٹی کے اراکین کے ہمراہ ڈی سی او حیدرآباد آفتاب کھتری سے ملاقات کی اوران سے سندھ کے شہروں میں سیلاب کے خطرے کے پیش نظر معلومات حاصل کی۔انہوں نے عوام کے جان ومال کے تحفظ اور انہیں کسی بھی ممکنہ خطرے کے پیش نظر محفوظ مقامات پر منتقلی سمیت حفاظتی پشتوں کو مضبوط کرنے پر بھی زور دیا۔اس موقع پر بریگیڈیئر جمال، محکمہ اریگیشن کے افسران واہلکار بھی موجود تھے۔حق پرست نمائندوں نے جامشورو بند، قاسم آباد کے علاقے سریش نگر بند، لطیف آباد نمبر 4 اور 5 جا کر پنہور گوٹھ بند کا بھی تفصیلی دورہ کیا اور عوام سے ملاقات کی۔علاوہ ازیں حق پرست رکن سندھ اسمبلی اکرم عادل نے جامشورو زونل کمیٹی کے ارکان ہمراہ جامشورو کے علاقے لاکھا،سن اور آمری کا تفصیلی دورہ کیا اور بارشوں اور سیلاب کے خطرے پیش نظر عوام سے ملاقات کرکے ان کے مسائل معلوم کیے۔اس موقع پر انہوں نے عوام کو یقین دلایا کہ وہ ہرگز خوف زدہ نہ ہوں اور محفوظ مقامات پر منتقل ہو جائیں۔انہوں نے محکمہ آبپاشی کے اہلکاروں بھی ہدایت کی وہ عوام کی جان ومال کے تحفظ اور انہیں محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کیلئے ہمہ وقت تیار رہیں اور عوام سے تعاون جاری رکھیں۔

## ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔9، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم محمود آباد سیکٹر یوسی 2 کے کارکن آصف میئو کے ولد عبدالرزاق، لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 163 کے کارکن محمد سلیم کی والدہ محترمہ آمنہ بیگم، بزنس روڈ سیکٹر یونٹ 22 کے کارکن محمد عامر کی والدہ محترمہ حمیدہ بیگم اور ایم کیو ایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 186 کے کارکن نعیم راجہ کی والدہ محترمہ ظہورن بتول کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆